برسٹل کا معلق پل

برسٹل کا معلق پل جسے کلفٹن کے معلق پل کہ نام سے جانا جاتا ہے تقریباً 150 سال قبل تعمیر کیا گیا۔ یہ پل دنیا بھر سے آنے والے سیاحوں کہ لیےہ دلچسپی کا سبب ہے۔ برسٹل شہر کہ باسی اس پل کہ نظارے سے محظوظ ہونے کہ لیےہ اپنے دوستوں ہمراہ اس پل کی طرف کھچے چلے آتے ہیں۔ یہ بات دلچسپی سے خالی نہیں کہ تقریباً دو صدیوں کا یہ سفر اس پل نے اپنے ہی کمانے کی صلاحیت کہ بل بوتے پر طے کیا ہے۔ آج تک اسکو کسی حکومتی ادارے کی مدد کی ضرورت نہیں پڑی۔ پل کو چلانے والا ایک تعمیراتی انجینئیر ہوتا ہے جو اسکی روز مرہ معمولات اور عمل کاری کی دیکھبھال کا ذمہ دار ہوتا ہے۔

دوستو اس پل کی کہانی اسکے بننے سے بھی پرانی ہے ۔ یہ کہانی تب شروع ہوئی جب ایک شراب کہ تاجر نے مرتے وقت ایک ہزار برطانوی روپے اس مقصد کہ لیےہ وصیت کر دیے کہ ایک ایسے مقابلے کا انعقاد کیا جایگا جس میں جارج کہ علاقے پر ایک پل کی تعمیر کا خاکہ پیش کیا جائے۔ اس مقصد کو پورا کرنے کہ لیےہ اس رقم کو کاروبار میں لگایا گیا اور پھر جب یہ رقم دس ہزار برطانوی روپے کہ برابر ہو گئی تو اس مقابلے کو

پہلی بار سن اٹھارہ سو انتیس میں منعقد کیا گیا. اس مقابلے کہ جج سر تھومس ٹیلفورڈ اپنے وقت کہ جانے مانے تعمیراتی انجینئیر تھے . جج صاحب نے تمام جمع کرائۓ گۓ تصوراتی خاکے مسترد کر دِیے اور اپنا بنایا ہوا ایک خاکہ پیش کیا. اس خاکے کو کچھ وجوہ کی بنا پر زیادہ پذیرائی نہ مل سکی اور اسکو بھی مسترد کر دیا گیا . اگلے مقابلے کا بندوبست سن اٹھارہ سو تیس میں کیا گیا . اس بار 24 سالہ اسمبرڈ کنگڈوم برونل کو اسکا فاتح قرار دیا گیا . انہی کو یہ پل بنانے کی ذمہ داری دی سونپی گئی. بہت سی سیاسی اور معاشی وجوہ سے اس پل کی تعمیر تعطل کا شکار رہی . سن 1843، میں جب اس پل کہ صرف منارے ہی تعمیر ہو سکے تھے، اس پل کی تعمیر روک دی گئی . 1859 میں برونل 53 سال کی عمر میں اس جہانے فانی سے کوچ کر گیا. اس نے اپنی چھوٹی سی زندگی میں جو کامیابیاں حاصل کی اسکو دیکھ کر اسکے ساتھی تعمیراتی انجنئیرز نے فیصلہ کیا کہ وہ کسی بھی قیمت پر اس پل کو تعمیر کرینگے تاکہ برونل کا خواب پورا ہوسکے. یوں یہ پل سن 1864 میں پورا ہوا اور عوام کہ لئے کھول دیا گیا . یہ پل جو کہ گھوڑا گاڑیوں کہ لیےہ انیسویں صدی میں بنایا گیا تھا آج ایکیسویں صدی میں بھی قابل استعمال ہے . اس پل سے روزانہ تقریباً 11000 گاڑیاں گزرتی ہیں.

یہ معلوماتی صفحات آپ کے لئے کلفٹن معلق پل چلانے والی انتظامیہ کی طرف سے تیار کروائے گۓ. ہم آپکو یہاں خوشامدید کہتے ہیں اور امید رکھتے ہیں کہ آپکو اس پل کا نظارہ ہمیشہ ایک اچھے وقت کی یاد دلائے گا.